© rasailojaraid.com



★ **ہشت محفل**

ترتیب و تالیف : **سید محمد باقر**

تحقیق و ترجمہ : **ڈاکٹر ظہور الدین احمد**

تقسیم کار : **المعارف ۔ گنج بخش روڈ ۔ لاہور**

صفحات : **۱۱۹** **قیمت :۲۴ روپے**

حضرت شاہ ابو المعالی ۔ (۹٦۰ ھ ۔ ۱۰۲۴ ھ) صاحب نظر درویش ، شاعر اور عالم تھے ۔ شیخ عبد الحق محدّث دھلوی ، ابو الفیض فیضی اور ملاّ عبد القادر بدایونی جیسے معاصرین سے ان کے مراسم تھے ۔ موصوف قادری سلسلہ سے منسلک تھے اور شاہ عبد القادر جیلانی کے افکار و تعلیمات کی نشر و اشاعت میں مصروف رھتے تھے ۔ انہوں نے شاہ عبد القادر جیلانی کے حالات میں "تحفة القادریہ" کے نام سے ایک کتاب لکھی اور شیخ عبد الحق محدّث دھلوی کو "فتوح الغیب" (تالیف : شاہ عبد القادر جیلانی) کے ترجمہ و شرح کی ترغیب دی ۔

حضرت شاہ ابو المعالی کے لائق فرزند سید محمد باقر نے ان کے آٹھ دنوں کے فرمودات قلمبند کئے اور انہیں "ہشت محفل" کا نام دیا ۔ ان فرمودات یا ملفوظات کا واحد قلمی نسخہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ ہے ۔ ڈاکٹر ظہور الدین احمد صاحب نے جو برصغیر میں فارسی ادب کی تاریخ پر سندکا درجہ رکھتے ھیں ، "ہشت محفل" کا متن تیار کیا اور اردو میں اسکا ترجمہ کیا ۔ ترجمہ اِس قدر سلیس اور شستہ ہے کہ اس پر اصل کا گمان ھوتا ہے ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



"ہشت محفل" ایک مختصر رسالہ ہے مگر اس میں قادری سلسلے کے آداب بیعت ، معرفت و حقیقت کے نکات اور مرشد کے فرائض وغیرہ مباحث آ گئے ہیں ۔ اس رسالے سے شاہ ابو المعالی کے علم و نظر ، ذوق شعر اور کمالات معنوی پر روشنی پڑتی ہے ۔ جناب ڈاکٹر ظہور الدین احمد صاحب نے شاہ ابو المعالی کے احوال و آثار محنت اور جستجو سے مرتّب کئے ہیں ۔ کتاب میں اصل متن اور ترجمہ دونوں شامل ہیں ۔

اسلامک بک فاؤنڈیشن لاہور کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس نے گزشتہ چند برسوں میں صوفیاء اور تصوّف پر گراں قدر کتابیں شائع کی ہیں ۔ یہ کتاب بھی پہلی بار اسلامک بک فاؤنڈیشن نے چھاپی ہے ۔ کتابت ، طباعت اور جلد بندی نہایت معیاری ہے ۔

(اختر راہی)

★ ★ ★ ★ ★

© rasailojaraid.com